صوبائی اسمبلی شمال مغربی سرحدی صوبہ

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز منگل مورخہ 03 جون 2003ء بمطابق 02 ربیع الثانی 1424 ہجری صبح دس بجکر چالیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، بخت جہان خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيمِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ۔

الٓر ۚ كِتٰبٌ أَنزَلْنٰهُ إِلَيْكَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمٰتِ إِلَى النُّورِ بِإِذْنِ رَبِّهِمْ إِلٰى صِرٰطِ الْعَزِيزِ الْحَمِيدِO اللّٰهِ الَّذِى لَهُۥ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْأَرْضِ ۗ وَوَيْلٌ لِّلْكٰفِرِينَ مِنْ عَذَابٍ شَدِيدٍO الَّذِينَ يَسْتَحِبُّونَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى الْأٰخِرَةِ وَيَصُدُّونَ عَن سَبِيلِ اللّٰهِ وَيَبْغُونَهَا عِوَجًا ۚ أُولٰٓئِكَ فِى ضَلٰلٍ بَعِيدٍO وَمَآ أَرْسَلْنَا مِن رَّسُولٍ إِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهِۦ لِيُبَيِّنَ لَهُمْ ۖ فَيُضِلُّ اللّٰهُ مَن يَشَآءُ وَيَهْدِى مَن يَشَآءُ ۚ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ۔

(ترجمہ): الرا۔ (یہ) ایک (پُرنور) کتاب (ہے) اس کو ہم نے تم پر اس لیے نازل کیا ہے کہ لوگوں کو اندھیرے سے نکال کر روشنی کی طرف لے جاؤ (یعنی) ان کے پروردگار کے حکم سے غالب اور قابل تعریف (خدا) کے رستے کی طرف۔ وہ خدا کہ جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سب اسی کا ہے۔ اور کافروں کیلئے عذاب سخت (کی وجہ) سے خرابی ہے۔ جو آخرت کی نسبت دنیا کو پسند کرتے اور (لوگوں کو) خدا کے رستے سے روکتے اور اس میں کجی چاہتے ہیں۔ یہ لوگ پرلے سرے کی گمراہی میں ہیں۔ اور ہم نے کوئی پیغمبر نہیں بھیجا مگر اپنی قوم کی زبان بولتا تھا تاکہ انہیں (احکام خدا) کھول کھول کر بتادے۔ پھر خدا جسے چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے اور وہ غالب (اور) حکمت والا ہے۔

وآخِرُ الدَعْوَانا أَنِ ٱلْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلْعَـٰلَمِينَ۔

جناب انور کمال خان: پوائنٹ آف آرڈر، سر۔

سید قلب حسن: پوائنٹ آف آرڈر، سر۔

جناب سپیکر: قلب حسن کو کل میں نے موقع نہیں دیا تھا، لہذا میں قلب حسن کو فلور دے رہا ہوں۔

سید قلب حسن: ډیره مهربانی۔ جناب سپیکر صاحب! پرون ما څه ګزارشات کولو خو هغه حالات داسې جوړ شوې وو۔ ډسټرکټ کورټ کوهاټ کښې څه ویکنسیانې راوتې وے، هغه ټول صوبه سرحد کښې هغه ویکنسیانو باندې انټرویوګانے اوشولو او هغه کوهاټ کښې چه کوم انټرویو وه، هغه نه مخکښې، یو درے ورځے مخکښې ما Statementورکړے وو چه کوهاټ کښې به ایک نه نوګریډ پورے لوکل ډومیسائل باندې خلق بهرتی کیږی۔ فوراً هغه Second day باندې هغه انټرویو Cancel شوله ـ جناب سپیکر، زما نوټس کښې دا هم راغلې دی چې هغه ویکنسیانو باندې Advance کښې ساټھ ساټھ ہزار، اسی اسی ہزار روپے اغستلې شوې دی۔ جناب سپیکر، دے کښې چونکه زه هغه حلقے سره تعلق لرمه، ما ته دا هم پته لګیدلے وه چې په دے مسئلے باندې د ډسټرکټ سیشن جج څه پاسه عدالت سره Disputeهم دے او نهایت افسوس سره دا خبره کومه چې All of a sudden telephonically هغه جج هغه ځائے نه ټرانسفر شو ټانک ته۔ نن، د شریعت بل پاس کیدو نه بعد نن پهلا ورځ ده،د شریعت معنی ده عدل، انصاف او حق، زه په دے شی افسوس کومه۔۔۔۔

جناب سپیکر: قلب حسن صاحب! داسې چل دے۔ تاسو مخکښې دا اوګورئی کنه چې آیا د لته ئے تاسو Conduct discuss کولے شئی۔

سید قلب حسن: زه Short کومه۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ګوره زه خبره کومه، مطلب دا دے عدالت دغه باندې نه شې کیدې، زه خبره کوم کنه۔

سید قلب حسن: زه ویکنسیانو باندې راځم ـ

جناب سپیکر: نه جی، د ټرانسفر او د پوسټنګ دا د هغوې Prerogative دے او د هغوی دائره اختيار کښې دے۔ د هر يو Institution خپل خپل يعنی مطلب دا دے Parameter دے، په هغې کښې به د ننه کار کوی۔

سید قلب حسن: ټهيک شو جی، بالکل هغه منمه خو دا ځائے کښې دا کوئسچن کومه چې دا ما کوهاټ والا ويکنسيانے، دے باندې انټرويو ولے او نه شوه ؟زه ستاسو په وساطت سره چيف منسټر ته هم او ګورنر سرحد ته هم دا ريکويسټ کوم چې د دوئ انکوائری اوکړی چې په ټولو ضلعو کښې بهرتيانے اوشوې، دے کوهاټ کښې ولے اونه شوې؟

جناب سپیکر: جی۔انور کمال خان،انور کمال۔

جناب انور کمال خان: شکریہ جناب چیئرمین صاحب۔میں کچھ Apprehension بتاناچاہتاہوں۔

جناب عبدالاکبر خان: انور کمال خان تاسو ته چئيرمين وئيلے دے، زه خو نه پوهيږم دا سينيټ دے که څه دے ؟

جناب سپیکر: تاسو د عبدالاکبرخان په خبره باندې پوهيه شوئی، وائی تاسو ته ئے چئيرمين اووئے۔

جناب انور کمال خان: دا څه شې جی؟ نو زه ډير مشکور يمه۔چې دا زه ئے د وخت نه مخکښ چئيرمين جوړ کړمه جی۔ دا ښه خبره ده جی۔

(قہقہے)

ایک آواز: آپ نے چیئرمین کالفظ استعمال کیاہے۔

جناب انور کمال خان: ښه ښه ، Sorry جی، I am sorry, I thought چې دوی ما ته اووئيل چې ته چئيرمين ئے۔

(قہقہہ)

جناب سپیکر: جی!

جناب انور کمال خان: میں عرض کرناچاہتاہوں کہ کچھ عرصہ سے جو ہم اخباروں میں پڑھ رہے ہیں، دیکھ رہے ہیں یا جو بادل ہمارے سروں پہ منڈلارہے ہیں، میں بحیثیت ایک ممبر، بحیثیت ایک

Representative یہ ضرور محسوس کرتا ہوں کہ ان اسمبلیوں میں الحمدللہ یہ ہماری تیسری، چوتھی بار ہے کہ ہم آرہے ہیں اوراس میں شک نہیں ہے کہ ہمارے صوبہ سرحد کی نسبتاً باقی علاقوں کے اپنی روایات ہیں، چاہے جتنے بھی اختلافات کیوں نہ ہوں لیکن پھر بھی ہمارے ہاں اپنی Customs ، اپنی Traditions اور اپنی Precedents یہاں پہ رہی ہیں اور ہم نے کبھی بھی مرکز کو یا دوسرے صوبوں کو یہ باور نہیں کروایا کہ ہمارے مابین اتنے اختلافات ہیں اور وہ اختلافات اتنی پیچیدگیوں کی طرف جارہے ہیں کہ جس سے خدانخواستہ Dead lock create ہو جائے۔ الحمدللہ ہماری یہ روایات ہمیشہ سے رہی ہیں لیکن پچھلے کچھ عرصہ سے جو کچھ ہم دیکھ رہے ہیں، میں یہ ضروری سمجھتا ہوں کہ یہ حکومت وقت کو اور تمام جتنے بھی ہمارے ساتھی یہاں پہ بیٹھے ہوئے ہیں، باوجود اس کے کہ ہم ہر مرحلے پہ حکومت کا ساتھ دیتے ہیں اور یہ پھر بھی ہمارا فرض بنتا ہے کہ ہم ہر ایسے مسئلے پہ حکومت کی راہنمائی کریں جس سے خدانخواستہ اس ادارے کو، اس صوبے کو، اس پارلیمان کو آنے والے وقتوں میں کوئی نقصان پہنچے اور اسی سلسلے میں میرا اشارہ ان تمام اقدامات کی طرف ہے، چاہے وہ اقدامات آپ ضلعی ناظمین کے خلاف اٹھا رہے ہیں، چاہے آپ یہاں پہ کسی قسم کی کوئی قانون سازی کر رہے ہیں، چاہے آپ پوسٹنگز یا ٹرانسفرز وغیرہ کر رہے ہیں، چاہے آپ حکومت کی طرف سے کوئی پالیسیز دے رہے ہیں، چاہے آپ Sign boards اکھاڑ اکھاڑ کر پھینک رہے ہیں لیکن ان تمام چیزوں کو اگر آپ اکٹھا کر کے دیکھ لیں اور اس کو آپ ایک Angle سے دیکھیں تو آپ کو اندازہ ہو جائے گا کہ مرکز آج آپ کے ان اقدامات کو اچھی نظر سے نہیں دیکھ رہا اور ہم نے کلہاڑی اٹھا کر خود اپنے پاؤں پہ مارنے کا ارادہ کیا ہوا ہے اور ہمیں یہ احساس بھی ہے، حکومت وقت کو بھی اس چیز کا احساس ہے لیکن پھر بار بار ہم وہی غلطیوں پہ غلطیاں دوہرا رہے ہیں اور اگر ہم نے اپنی Tendency ، اپنی پالیسی اور اپنا قبلہ درست نہیں کیا تو جناب والا، میں یہ سمجھتا ہوں، ہم تو ان چیزوں کے عادی ہیں، ہم نے تو آج تک، 1985ء سے لیکر آج تک کبھی اسمبلیوں کو اپنی مدت پوری کرتے ہوئے نہیں دیکھا لیکن یہ جو ہمارے بھائی یہاں پہ بیٹھے ہوئے ہیں، چاہے وہ اس طرف ہیں، چاہے، وہ اس طرف ہیں، وہ کیا سبق ہمارے اس پارلیمان کے ان لوگوں سے لیں گے جو کہ ان اسمبلیوں میں بوڑھے ہو گئے ہیں، وہ کیا تاثر ہم سے لیں گے اور ہم ان کو کیا سکھانے والے ہیں کہ اس سے پہلے اسمبلیوں کی عمریں ڈیڑھ سال، ڈھائی سال

اور دو سال رہی ہیں؟ کیا ان کو ہم یہ سبق دے رہے ہیں کہ ہماری اس اسمبلی کی عمر چھ ماہ ہو گی خدانخواستہ؟اس میں کوئی ایسی قباحت نہیں جس سے آج بھی ہم منہ نہیں موڑ سکتے، آج بھی ہم اپنے قبلے درست کر سکتے ہیں۔ کل کے اس واقعے سے آپ اندازہ لگائیں، اگر ضلعی ناظمین کے خلاف کوئی قدم اٹھانا ہو تو اس اسمبلی میں جتنے اختلافات میرے اپنے علاقے کے ضلعی ناظمین سے ہیں، شاید ہی کسی کے اتنے اختلافات ہوں لیکن آج تک میری زبان سے اپنے ضلعی ناظمین کے بارے میں آپ نے ایک لفظ تک نہیں سنا ہو گا (تالیاں) اس لئے کہ میں اپنے آپ میں یہ ہمت رکھتا ہوں کہ اگر میں نے ان کے ساتھ جو کچھ بھی کرنا ہے تو میرے لئے اکھاڑہ اور میدان لکی کا ضلع ہے۔ میں وہ اکھاڑہ اسمبلی میں کھینچ کر نہیں لانا چاہتا۔ اگر میں انہیں برداشت کر سکتا ہوں، تو پھر میں آپ سے بھی یہی استدعا کرتا ہوں کہ خدارا آج اللہ تعالٰی نے آپ کو یہ موقع دیا ہے، آج آپ اقتدار کی کرسی پہ بیٹھے ہوئے ہیں، آپ کو ان چھوٹی چھوٹی باتوں سے بالاتر ہونا چاہیئے آپ کو کسی کے خلاف ذاتی عداوت نہیں کرنی چاہیئے جس کی وجہ سے آج مرکز کے جو بیانات آرہے ہیں اور اوپر سے ہمیں پھر اس بات پہ بھی بڑا افسوس ہوتا ہے کہ کچھ ایسے بیان بھی آجاتے ہیں کہ ایک فرد واحد کی نہیں اس تمام Institution کی دل آزاری ہوتی ہے، آج آپ دیکھیں کہ مرکز میں کیا ہو رہا ہے؟ وہ Writing on the wall، وہ نوشتہ دیوار پہ جو کچھ لکھا جا رہا ہے I can very easily read that. وہ ہمیں نظر آرہا ہے۔ خدارا آج اگر مرکز مجبور ہو، وہ کہتے ہیں کہ آپ کا تنظیمی ڈھانچہ Change کر رہے ہیں تو کیا آپ اس سے بھی نہیں سمجھ سکتے کہ مرکز کی طرف سے یہ اشارے کیوں آپ کی طرف آرہے ہیں؟ کل یہ لوگ جنہوں نے ہمیں منتخب کر کے ان اسمبلیوں میں بھیجا ہے، وہ ہم سے کیا توقع رکھیں گے کہ ان اسمبلیوں میں ہمارے آنے کا مقصد یہ تھا کہ ہم خود اسمبلیوں کی Dissolution کا سبب Provide کریں، اس کے لئے اسباب بنیں؟

(تالیاں) تو کل ہم ان لوگوں سے کیا کہیں گے؟ کل ان لوگوں کو یہ حق پہنچتا ہے کہ وہ ہمیں کہیں کہ آپ ان اسمبلیوں کے قابل نہیں ہیں، آپ اسمبلیوں میں جانے کے قابل نہیں ہیں۔ لہٰذا جناب والا، میں معافی چاہتا ہوں اگر میں نے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: انور کمال خان! میرے خیال میں آپ اس معزز ایوان کے اختیارات کو کسی اور کو دینے کی طرف اشارہ کر رہے ہیں۔ یہ تو Prerogative ہے، یہ صوبائی خود مختاری ہے۔ اس پہ آجائیں کہ باہر سے جو مداخلت ہو رہی ہے۔

جناب انور کمال خان: میں جناب والا، کسی کو اختیارات دینے کے حق میں نہیں ہوں۔ خدا کے فضل سے اگر آج آپ مرکز سے ٹکر لینے کے لئے تیار ہیں تو انور کمال سب سے پہلے آپ کے ساتھ آگے آگے ہو گا۔ آپ آئین آپ پہلے ایل ایف او کے بارے میں بات کریں، آپ جمہوریت کے بارے میں بات کریں۔ ہم ہر موقع پہ آپ کے ساتھ ہوں گے، ہم پیچھے ہٹنے والے نہیں ہیں۔

جناب سپیکر: سردار ادریس صاحب

جناب انور کمال خان: لیکن میری مراد یہ ہے کہ جس چیز کو ہم Avoid کر سکتے ہیں، خدارا آپ اس کو Avoid کریں۔ میں ڈرانے دھمکانے والی بات نہیں کرتا ہوں۔ مجھ پر کیا فرق پڑتا ہے، اگر آپ سب اس چیز پہ راضی ہیں کہ یہ اسمبلیاں ٹوٹیں، یہ حکومتیں گریں تو انور کمال کو اس سے کوئی نقصان نہیں ہو گا۔ ایک فرد واحد کو کوئی نقصان نہیں ہو گا۔

جناب سپیکر: جی سردار ادریس صاحب؟

سردار محمد ادریس (وزیر بلدیات و دیہی ترقی): جناب سپیکر! جو انور کمال صاحب نے۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

مولانا محمد مجاہد خان الحسینی: جناب سپیکر! اگر ہم ناحق کو اس لئے چھوڑ دیتے ہیں کہ ہماری ممبری ختم ہو جائے تو ہم ایسی ممبری پر لعنت بھیجتے ہیں۔

جناب سپیکر: مجاہد صاحب! جی سردار ادریس صاحب۔

مولانا محمد مجاہد خان الحسینی: ہم حق بات کریں گے چاہے ہم ایک دن رہیں چاہے ایک سال رہیں۔

وزیر بلدیات و دیہی ترقی: جو انور کمال صاحب نے بات کی، یہ ہمارے بزرگ ہیں، Senior parliamentarian ہیں، ان کی تجویز سر آنکھوں پر لیکن یہ ساری کل جو گفتگو ہوئی ہے وہ Constitution کے مطابق ہوئی ہے، رولز کے مطابق ہوئی ہے، قانون کے مطابق ہوئی ہے۔ ہمارا

ایک بھی کوئی ایکشن، ہمارا ایک بھی کوئی عمل ذاتی عداوت پر یا مخاصمت پر مبنی نہیں ہے، کسی کدورت کے باعث نہیں ہے، بلکہ ہم اور آپ سب پبلک فنڈز کے امین ہیں، ہم امانت دار ہیں، ہم کس طرح سے بھی اپنی آنکھوں کے سامنے اس صوبے کو لوٹتے ہوئے نہیں دیکھ سکتے اس سے پہلے 54 سال سے یہاں پر جو کچھ ہوتا رہا ہے، میں اس کی طرف نہیں جاتا۔

جناب انور کمال خان: جناب والا! جہاں پہ ڈاکے ڈالے جا رہے ہیں، وہاں پہ آپ ان کی طرف دیکھ بھی نہیں سکتے جہاں پہ ڈاکے ڈالے جا رہے ہیں آپ اس کی طرف دیکھ رہے ہیں جہاں پہ کوئی ڈاکے نہیں ڈال رہے ہیں۔۔۔۔۔

جناب حفیظ اللہ خان: جو ڈاکے ڈال رہے ہیں، وہ سارے ہاؤس کو پتہ ہے، سب کو پتہ ہے۔ یہ Open secret ہے۔

(قطع کلامیاں)

نشانزدہ سوالات اور ان کے جوابات

جناب سپیکر: کوئسچن نمبر 160 ڈاکٹر ذاکر اللہ خان صاحب، ایم پی اے۔

جناب مشتاق احمد غنی: جناب سپیکر! یہ بڑی اہم بات ہو رہی تھی اس پہ اگر آپ تھوڑا سا ٹائم دے دیتے تو پھر۔

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: کل آپ اس پر ایڈجرنمنٹ موشن لے آئیں۔

جناب مشتاق احمد غنی: نہیں سپیکر صاحب، صوبے کے مفاد کی بات کر رہے ہیں۔ جناب! یہ کسی فرد کے مفاد کی بات نہیں کر رہے ہیں، یہ کہتے ہیں کہ ایسی پالیسیز Adopt کی جائیں کہ مرکز کے ساتھ تناؤ جو ہے وہ کم ہو اور صوبے کے عوام ترقی کر سکیں۔

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: Absent, it lapses سوال نمبر 215

جناب مشتاق احمد غنی: اگر آپ دو دو منٹ دے دیں اس پر بات کرنے کے لئے۔

جناب سپیکر: پلیز، پلیز۔
جناب مشتاق احمد غنی: تو اپوزیشن کا کام یہی ہے کہ گورنمنٹ کو کوئی گائیڈ لائن فراہم کرسکے۔
جناب سپیکر: پلیز، پلیز۔ کوئسچن نمبر 215 ڈاکٹر ذاکر اللہ خان صاحب۔(Absent, it lapses) کوئسچن نمبر 249 ڈاکٹر ذاکر اللہ خان صاحب (Absent, it lapses) کوئسچن نمبر 382، امیر زادہ خان صاحب۔
محترمہ رفعت اکبر سواتی: سر! وہ دعا کے لئے کچھ کہہ رہے ہیں۔ پلیز ذرا سن لیجئے گا۔ دعا کے لئے بات ہو رہی ہے۔
شہزادہ محمد گستاسپ خان (قائد حزب اختلاف): سر! وہ جو کچھ انور کمال صاحب نے کہا ہے، وہ کوئی سمجھنے کی کوشش کریں تو بڑی اچھی بات ہوگی۔ میں صرف یہ گزارش کر رہا تھا کہ جناب عنایت اللہ خان صاحب کی Sister وفات پا چکی ہیں، ان کے لئے دعا کی درخواست ہے۔
جناب سپیکر: مولانا عبدالرزاق صاحب، دعا فرمائیں۔

(اس موقع پر دعائے مغفرت کی گئی)

جناب سپیکر: امیر زادہ خان صاحب۔
جناب امیر زادہ: کوئسچن نمبر 382 جناب سپیکر! یہ (ج) کا جواب ملا ہے، میں اس سلسلے میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ ایک تو اس میں پوری تفصیل نہیں دی گئی اور یہ جتنا غیر متعلقہ لوگوں نے ان عمارتوں پے قبضہ کیا ہوا ہے، پہلی بات تو یہ کہ محکمے نے۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: Sorry جی۔ یہ کوئسچن نمبر 282 ہے شہزادہ محمد گستاسپ خان صاحب 382 نہیں ہے، 282 ہے۔
* 282 _ شہزادہ محمد گستاسپ خان: کیا وزیر ماحولیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:
(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت صوبہ بھر میں مختلف مقامات پر ہر سال شجر کاری کرتی ہے،
(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i)۔ پچھلے پندرہ (15) سالوں میں کتنے رقبہ پر شجر کاری کی گئی ہے، نیز کن کن مقامات پر کس قسم کے پودے لگائے گئے ہیں،

(ii) آیا مذکورہ شجر کاری کی تصدیق کسی دوسرے ذرائع سے کی گئی ہے،

(iii) مذکورہ شجر کاری پر کل کتنا خرچہ کیا گیا ہے نیز دوسرے اداروں و بیرونی ممالک سے امداد حاصل کی گئی ہے

جناب عنایت اللہ (وزیر صحت): (الف) یہ درست ہے۔

(ب) (i) پچھلے پندرہ سالوں میں 460.698 ایکڑ رقبہ پر شجر کاری کی گئی ہے۔ مقامات اور اقسام کا خلاصہ درج ذیل ہے۔

(ii) ۔ مذکورہ شجر کاری کی تصدیق ملکی اور امداد دینے والے غیر ملکی ذرائع سے کی گئی ہے۔

(iii) ۔ مذکورہ شجر کاری پر پچھلے پندرہ سالوں میں 487 ملین روپیہ خرچ ہوا ہے جس میں غیر ملکی امداد بھی شامل ہے۔ اس طرح 1,000 روپیہ فی ایکڑ کے حساب سے خرچ ہوا ہے جو حکومت کے منظور شدہ ریٹوں کے مطابق ہے اور مناسب ہے۔

شجر کاری کے رقبے اور پودوں کے اقسام

نمبر شمار	نام فارسٹ سرکل	رقبہ جس پر شجر کاری کی گئی (ایکڑوں میں)	اقسام پودہ جات
1	ایبٹ آباد (سابقہ ہزارہ ڈویژن	83713	چیڑ۔ گوند۔ کیکر۔ دیار۔ بیاڑ۔ فر ۔اخروٹ۔ پھلائی۔
2	واٹر شیڈ (سابقہ ہزارہ ڈویژن) اور اضلاع شانگلہ و بونیر (سابقہ ملاکنڈ ڈویژن)	174.105	ایضاً
	سدرون سرکل (سابقہ پشاور۔ مردان) کوہاٹ۔ بنوں۔ ڈی آئی خان۔ ڈویژن ہائے	67054	گوند۔ کیکر۔ شیشم۔ سنتھ ۔وغیرہ

ملاکنڈ(سوات۔دیر۔شانگلہ۔چترال۔بونیر۔

ملاکنڈ	135826
	دیار۔بیاڑ۔فر۔اخروٹ۔گوند۔وغیرہ
کل رقبہ	460498

قاری محمد عبداللہ: ډاکټر په سوال باندې زما جي ضمنی سوال وو یو۔

جناب سپیکر: د چا ؟

قاری محمد عبداللہ: د ډاکټر صاحب سوال باندې۔

جناب سپیکر: هغه خو پیش نه شو کنه۔ هغه خو Lapseشو۔ چې پیش نه شې، په هغې باندې نه کیږی۔ او۔شهزاده محمد گستاسپ خان صاحب،۔

شہزادہ محمد گستاسپ خان(قائد حزب اختلاف): سر! میں سوال کے جواب سے مطمئن ہوں۔

جناب سپیکر: مطمئن ہیں آپ؟

قائد حزب اختلاف: جی جناب۔

جناب سپیکر:اچھا۔تھینک یو، (تالیاں) کوئسچن نمبر382،ڈاکٹر سیمین محمود جان صاحبہ۔

* 382 _ ڈاکٹر سیمین محمود جان: کیاوزیرٹرانسپورٹ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف)آیایہ درست ہے کہ حکومت نے پشاور سے مختلف شہروں کو چلنے والی گاڑیوں کے لئے کرایہ مختص کیا ہے،

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ مذکورہ کرایہ فی کلومیٹر کے حساب سے مختص کیاجاتاہے؛

(ج) آیایہ بھی درست ہے کہ حکومت اس سلسلے سے کرایہ نامہ جاری کرتی ہے جو گاڑی میں آویزاں کرنا لازمی ہوتاہے،

(د) آیایہ بھی درست ہے کہ حکومت نے پشاورتاہری پور،ایبٹ آباداورمانسہرہ کی طرف چلنے والی گاڑیوں کا کرایہ نامہ جاری کیاہے؛

(ہ) اگر (الف) تا (د) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ بالا شہروں کا موجودہ کرایہ نامہ بمعہ نوٹیفکیشن فراہم کیا جائے،

<u>جناب سراج الحق (سینیر وزیر خزانہ، ماحولیات وٹرانسپورٹ):</u> (الف) جی ہاں

(ب) جی ہاں

(ج) جی ہاں

(د) جی ہاں

(ہ) پشاور تا ہری پور، ایبٹ آباد اور مانسہرہ کا کرایہ حکم نامہ بمورخہ 14-2-2002 کے مطابق تیار کیا گیا ہے۔ جس کی نقل درج ذیل ہے۔

کرایہ نامہ برائے پشاور مانسہرہ روٹ

مقامات	فاصلہ	ڈیزل نرخ کرایہ فی کلومیٹر فی سواری			کرایہ
پشاور تا مانسہرہ	217 کلومیٹر	21.00	0.38	=038x217	82.46 روپے
=	=	21.50	0.39	= 0.39x217	84.63
=	=	22.00	0.40	= 0.40x217	86.08
		22.50	0.41	= 0.41x217	88.97
		23.00	0.42	= 0.42x217	91.14
		23.50	0.43	= 0.43x217	93.31
		24.00	0.44	0.44x217	95.48
		24.50	0.45	0.45x217	97.65
		25.00	0.46	0.46x217	99.82

کرایہ نامہ برائے پشاور ایبٹ آباد

مقامات فاصلہ ڈیزل نرخ کرایہ فی کلومیٹر فی سواری کرایہ

پشاورتاایبٹ آباد	193کلومیٹر	21.00	0.38	= 0.38x193	73.34روپے
		21.50	0.39	= 0.39x193	75.27
		22.00	0.40	= 0.40x193	77.2
		22.50	0.41	= 0.41x193	79.13
		23.00	0.42	= 0.42x193	81.06
		23.50	0.43	= 0.43x193	82.99
		24.00	0.44	= 0.44x193	84.92
		24.50	0.45	= 0.45x193	86.85
		25.00	0.46	=0.46x193	88.78

کرایہ نامہ پشاور کاہری پور

مقامات	فاصلہ	ڈیزل نرخ	کرایہ فی کلومیٹر فی سواری		کرایہ
پشاورتاہری پور	156کلومیٹر	21.00	0.38	= 0.38x156	59.28
		21.50	0.39	= 0.39x156	60.84
		22.00	0.40	= 0.40x156	62.40
		22.50	0.41	= 0.41x156	63.96
		23.00	0.42	= 0.42x156	65.52
		23.50	0.43	= 0.43x156	67.00
		24.00	0.44	= 0.44x156	67.64
		24.50	0.45	= 0.46x156	70.2

71.79	= 0.46x156	0.46	25.00		

ڈاکٹر سیمین محمود جان: بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔ جناب سپیکر صاحب۔ میں اپنے سوال کے جواب سے مطمئن ہوں۔ میں اپنے سوال کے جواب سے مطمئن ہوں صرف یہ میری گزارش ہوگی On the floor of the House to the Minister for Information کہ یہ جو کرائے ہیں، منسٹر صاحب، جو پشاور سے ایبٹ آباد، مانسہرہ، ہری پور تک ہیں، اگر وقتاً فوقتاً ٹی وی اور ریڈیو پر ان کی Display کی جائے تاکہ عوام کو ان کے بارے میں اطلاع ہو اور دوسری میری، سنئیر منسٹر صاحب نہیں ہیں، لیکن منسٹر فار لوکل گورنمنٹ ہیں کہ جو بسوں کے اڈے ہیں اور جو ویگنوں کے اڈے ہیں، ان میں بھی یہ جو کرائے ہیں۔

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: ڈاکٹر صاحبہ! سپلیمنٹری کوئسچن اگر ہو تو آپ پوچھیں۔

ڈاکٹر سیمیں محمود جان: نہیں، میں تو مطمئن ہوں لیکن کچھ تجاویز دینا چاہتی ہوں۔

جناب سپیکر: بس جب مطمئن ہیں۔ تو Next۔

ڈاکٹر سیمیں محمود جان: اس کے ساتھ Suggestions ہیں۔

Mr. Speaker: Next, Next.

ڈاکٹر سیمیں محمود جان: بڑی Important suggestions ہیں۔

جناب سپیکر: نیکسٹ کوئسچن نمبر 296 سعید گل صاحب، ایم پی اے۔

* 296 _ جناب سعید گل: کیا وزیر ماحولیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف): آیا یہ درست ہے محکمہ جنگلات میں فیلڈ سٹاف یعنی فارسٹ گارڈ/فارسٹروں کی تعداد انتہائی کم ہے؛

(ب) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ جنگلات کی تقریباً پچیس (25) فیصد فیلڈ سٹاف کو ضلعی حکومتوں میں تعینات کیا گیا ہے؛

(ج) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ کو مذکورہ سٹاف کی اشد ضرورت ہے؛

(د) آیا یہ درست ہے کہ مذکورہ سٹاف کو تنخواہ صوبائی حکومت (محکمہ جنگلات) ادا کرتی ہے;

(ہ) اگر (الف) تا (د) کے جوابات اثبات میں ہوں تو آیا حکومت مذکورہ فیلڈ سٹاف کو دوبارہ محکمہ جنگلات میں واپس لانے کے لئے اقدامات کا ارادہ رکھتی ہے;

جناب سراج الحق (سینیئر وزیر خزانہ وماحولیات): (الف) یہ درست ہے کہ تعداد ضرورت سے کم ہے۔

(ب): 1.7.2001 کو ڈیولیشن پلان پر عمل درآمد سے فیلڈ سٹاف کے بارے میں درج ذیل صورت پیدا ہوئی۔

نام آسامی	کل تعداد	تعداد جو ضلعی حکومت کو دی گئی۔	تعداد سرپلس پول میں بھیجی گئی۔	بقایا جو محکمہ کے پاس رہا
ڈپٹی رینجر فارسٹر فارسٹ گارڈ	34 358 1443	30 48 159	- 29 123	4 1 281 -
ٹوٹل	1835	239	152	1446

لہذا یہ کہنا درست ہے کہ کافی سٹاف ضلعی حکومتوں میں تعینات کیا گیا ہے۔

(ج): یہ درست ہے۔

(د): یہ درست نہیں ہے۔ ان کی تنخواہ متعلقہ ضلعی حکومتیں ادا کرتی ہیں۔

(ہ): فی الحال اس بارے میں کوئی اقدامات نہیں اٹھائے گئے ہیں، البتہ یہ مسئلہ زیر غور لایا جاسکتا ہے۔

جناب سعید گل: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب! سوال نمبر 296د دې دوو سوالونه جوابونه غلط دی۔ یو چې دوی دا (ب) کوم ورکړے دے، دا ټهیک نه دے، بل جی په (د) کښې دوئی دا خبره کوی چې دا درست نه ده چې دا تنخواه دوئی ته ضلعی حکومتونه ورکوی، خو دا خبره بالکل غلطه ده دوی ته تنخواګانے باقاعده زمونږ صوبائی حکومت ورکوی او هلته پیسې لیږی او هغوې صرف تقسیموی دا هم غلطه ده جی بل په (ہ) کښې دا سې ده چې دوی چې

فی الحال د دې راوستو هیڅ دغه زیر غور نشته دے ، رواستې کیږی خو اقدامات نشته، نو جی دا بالکل غلطه ده دوی چې داکوم خلق ضلعی حکومتونو له ورکړے دی، هغلته دوی بالکل بیکاره، بیروزګاره ناست دی، هیڅ فنکشن، څه رول ئے نشته دے که دا خلق محکمے ته واپس راشې نو یو فارسټ ګارډ 4200ایکړ رقبه چې کوم ده، د دې تحفظ، هغه ذمه داری اغستے شی او هغه کولے شې نو هلته هیڅ رول ئے نشته ضلعی حکومتونه بالکل دا نه غواړې چې دا خلق دے هغوې سره وی مونږ ورله تنخواګانے ورکوؤ، مونږ ورته بے منتې کوؤ، پکار داده چې دا خلق بیرته سره د خپلو پوسټونو خپلې محکمې ته راشې او چې کوم کار چې په ضلع کښې، حکومت کول غواړې نو دا کار د ډیپارټمنټ د طرفه هم کیدے شی نو هلته هغه خلق بیروزګاره ناست دی۔ لهذا فوری طور دے دا خلق خپلو محکمو ته واپس راشې۔

جناب جمشید خان: جناب سپیکر !زما یو ضمنی سوال دے په دے باره کښې۔

جناب سپیکر: جی جمشید خان صاحب۔

جناب جمشید خان: زه دا تپوس کول غواړمه چې دا جنګلات چې دی چې دا صوبائی سبجیکټ دے که نه دا ضلعی حکومتونو سره دی؟

وزیر صحت: On behalf of Minister for Forest بسم اللہ الرحمن الرحیم۔د جمشید خان صاحب د خبرې وضاحت اول کوم چې دا په Devolved offices کښې شمار دی۔ جنګلات چې دی نو دا په Devolved offices کښې شمار دی او دا د Devolution لاندې ډسټرکټس ته تلے دی۔ او۔۔۔۔۔

جناب جمشید خان: دا Devolved نه دے سوری، فارسټ ډیپارټمنټ Devolved ډیپارټمنټ نه دے جی۔

آوازیں: نه دے جی۔

جناب سپیکر: څه روستو به دوی معلومات اوکړی نو روستو به اووائی فریش انفارمیشن دی منسټر صاحب ته معلومات نشته۔ جی د سعید ګل صاحب سپلیمینټری کوئسچن په باره کښې۔

وزیرصحت: سعید گل صاحب د (ب) پہ بارہ کبنې چې کوم دغه کړے دے چې دا Figures غلط دی نو Figures کبنې څه Clerical mistake وو ما او سیکرټری فارسټ پکبنې سحر کبنی ناستلے یو۔ زه فریش انفارمیشن دوی ته ویمه دا فراسټرز چې دی نو 358 ئے کل تعداد دې، تعداد ضلعی حکومت له چې کوم ورکړے شوې دی، هغه 48 دی او سرپلس 29 دی، 281 چې دی نو دا محکمے سره باقی پاتے شوی دی بیا فارسټ ګارډ چې دی نو 1443 دی، 159ضلعی حکومتونو ته ورکړے شوې دی، 123چې دی نو دا سرپلس دی او 1161 د محکمې سره بقایا دی۔دا د Figures لکه دوباره چې مونږه پرے کیناستلو د ډیپارټمنټ سره بیګا نو هغې نه دا فریش یعنی نوے دغه راوتو څه معمولی معمولی دغه پکبنې شوې وو د (ب) متعلق چې دوی دا خبره کومه کړے ده چې یره دا ضلعی حکومتونه تنخواه نه ورکوی، صوبائی حکومت تنخواه ورکوی، بنیادی خبره داده چې کوم دغه ملازمتونه ضلعی حکومت ته شفټ شو، هغوې ته حواله شو نو حقیقت خو دادے چې ضلعی حکومتونو سره څومره ډیپارټمنټس دی، د هغوی ټولو تنخواه د صوبائی حکومت نه ځی خو ورځی د ډسټرکټ چې کوم فنډ دے، د هغې چې کوم اکاؤنټ دے، هغې ته ځی نو هغې نه بیا ادا کیږی د دې مطلب دادے چې پیسې خو حقیقت دادے چې صوبائی حکومت نه ځی خو دا د هغوې د هغه فنډ نه د هغوې د هغه اکاؤنټ نه چې هغې ته، سردار ادریس ته به اووایو چې اکاؤنټ نمبر 4ورته وائی، هغې نه دا هغوې ته ریلیز کیږی او د دوی دے خبرې سره زما اتفاق دے چې دا هغوې هلته ضلعی حکومتونو سره هسې دی او دا صوبائی حکومت لکه څه رنګه چې مونږه په دے آخری جواب کبنې لیکلی دی چې دا زمونږه زیر غور ده، د واپس د دوی د اغستو دا خبره۔

جناب سپیکر: کوئسچن نمبر228م جناب فرید خان صاحب ۔

* 228 _ جناب فرید خان: کیاوزیر ماحولیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف): آیا یہ درست ہے کہ حکومت نے1993 سے جنگلات کی کٹائی پر پابندی لگائی ہے;

(ب): آیا یہ بھی درست ہے کہ ملاکنڈ ڈویژن میں جنگلات میں%60 عوام کااور%40 حکومت کا حصہ ہے;

(ج): آیا یہ بھی درست ہے کہ ضلع دیر بالا کے لوگوں کا واحد ذریعہ معاش جنگلات سے وابستہ ہے;
(د): آیا یہ بھی درست ہے کہ جنگلات پر کٹائی کی پابندی سے علاقہ کے عوام کے روزگار اور آمدن کے ذرائع بند ہیں،
(ہ): آیا یہ بھی درست ہے کہ روزگار نہ ہونے کی وجہ سے لوگ چھوٹے چھوٹے درختوں کو کاٹ رہے ہیں جس کی وجہ سے جنگلات تباہ ہو رہے ہیں،
(و): اگر (الف) تا (ہ) کے جوابات اثبات میں ہوں تو آیا حکومت جنگلات کی کٹائی پر سے پابندی اٹھانے کا ارادہ رکھتی ہے،
جناب سراج الحق (سینیئر وزیر خزانہ و ماحولیات): (الف): مرکزی حکومت کے احکامات کے تحت (ماسوائے سال 2001) ابھی تک جنگلات کی کٹائی پر پابندی عائد ہے۔
(ب): یہ درست ہے۔
(ج): باقی ذرائع بھی ہیں اور جنگلات سے حاصل شدہ رائیلٹی بھی آمدنی کا ایک ذریعہ ہے۔
(د): پابندی کی وجہ سے لوگوں کو رائلٹی کی رقم نہیں مل رہی اور روزگار کے ذرائع متاثر ہوئے ہیں۔
(ہ): مقامی لوگ اپنی خانگی ضرورت پوری کرنے کے لئے چھوٹے درخت بھی کاٹتے ہیں مگر اس کا پابندی کے ساتھ کوئی تعلق نہیں بنتا اور نہ ہی اس سے بڑے پیمانے پر جنگلات کی تباہی ہو رہی ہے۔
(و): محکمہ جنگلات کے نکتہ نظر سے یہ پابندی مناسب نہیں ہے۔ صوبائی حکومت نے بھی یہ بات وفاقی حکومت کے نوٹس میں لائی ہے کہ آئین پاکستان کے تحت جنگلات صوبائی معاملہ ہے تاہم صوبائی حکومت، مرکزی حکومت کے مشورہ کے بغیر آخری فیصلہ تک نہ پہنچ سکی۔

جناب فرید خان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ محترم سپیکر صاحب! د دې سوال نمبر 228 (الف)، (ب)، (ج) او (د) جزونو د جواب نه مطمئن یمه، دا لاندې دوه جوابونه، د (ہ) او د (و) دواړو جوابونه دا صریح یو، لکه خصوصاً د (ہ) دا جواب چه دے، دا یو ډیر لوئے مذاق ئے کړے دے محکمے جی۔ دوی نه ما تپوس کړے وو چې جنگلات کی پابندی کی وجہ سے روزگار نہیں مل رہا اور روزگار نہ ہونے کی وجہ سے لوگ چھوٹے چھوٹے درختوں کو کاٹ رہے ہیں جس کی وجہ سے جنگلات تباہ ہو رہے ہیں تو په جواب کښې دوئی وئی جی

محترم جناب سپیکر صاحب! چې "مقامی لوگ اپنی خانگی ضرورت پوری کرنے کے لئے چھوٹے درخت بھی کاٹتے ہیں مگر اس کا پابندی کے ساتھ کوئی تعلق نہیں بنتا اور نہ ہی اس سے بڑے پیمانے پر جنگلات کی تباہی ہورہی ہے"۔ محترم جناب سپیکر صاحب! زه پخپله د هغه ځنګلاتو مالک یم او د هغه علاقې باشنده یمه، کوم علاقې خلق چې دا ځنګلات کټ کوی او د خپل خانګی ضرورت پرې پورا کوی، او زه دا خبره په دعویٰ سره ویمه چې کم ازکم د ژمی په موسم کښې درې میاشتې په هر یو کور کښې اوسطاً د دس نه واخله تر د چوده لاکه روپو پورې لرګې سیزلے کیږی۔لکه او هغه خلق دغه شانتې د ایندهن په طور باندې استعمالوی۔هلته کښې چې کله ځنګلاتو باندې پابندی وی نو محکمه د هغه ځائے نه خپل لاس راکاږی، محکمه د هغه ځائے نه دستبردار شي، راشی او ځنګلات دغه شان د عوامو په رحم و کرم باندې پریښودے شي او د هغه ځائے خلق یعنی که واړه واړه د دیار بنائسته او تنکئی او نرئی اونه، چې واړه واړه اونے ترے نه کټ کوی او دے سره ځنګلات دوی وئی چې نه تباه کیږی۔ دا څومره یو صریحاً ظلم کوی د هغې سره هلته کښې خلق واړه واړه اونے بالکه بے دریغه کټ کوی، هیڅ قسم پابندی په هغوی باندې نشته دے۔کومه زړه او غټه اونه، هغه اونه چې د هغې ډیویلپمنټ نور ختم شی او نور نه لوئیږی هغه محکمه مارک کوی او هغه کټ کوی نو هغه اونے ته څوک دغه نه کوی۔ وړے، پخپله هغوې اقرار کوی چې واړه واړه چې کټ کوی، دے سره ځنګلات نه تباه کیږی،نو چې هغه اونه چې هغه د مستقبل د پاره د مارکنګ د پاره تیاریږی هغه اونه کټ کیږی او دوئی وائی چې ځنګلات نه تباه کیږی۔ د هغه ځائے ځنګل بالکل تباه شو۔زما خپل ځنګل دے او زه د هغې خپل چشم دید ګواه یمه او زه خپل د هغه ځنګل مالک یمه، زما ځنګل بالکل تباه شو د محکمے د غفلت دوجه نه او د هغوې د هغه بهترنګهداشت او نګرانی نه کولو په وجه باندې او دوئی بالکل دے خبرې نه انکاری دی چې ځنګل نه تباه کیږی۔په دے حواله سره زما دا ګزارش دے چې کم ازکم د دې محکمے نه تپوس اوشی چې واړه واړه اونے دا خو حقیقت دے چې کله واړه اونے کټ کیږی نو ځنګل تباه کیږی او کله چې بډها، بډهئی اونه چې مونږ څه ته وایو، بډهئی، کوم چې زړه اونه وی، زړه اونه چې کټ کیږی نو ځنګل هغه محفوظ پاتے کیږی۔واړه اونه به

کټ کیږی او دوئی وائی چې ځنګل نه تباه کیږی۔په دے حواله سره د محکمے دومره یو صریح یو دغه غفلت او دغه په هغې کښې جواب، د دې زه دغه کوم۔بله خبره د (د)په جواب کښې دوئی دا خبره ښه کړےده او دوئی وائی چې دے ځنګل باندې پابندی چې ده، دا مناسب نه ده او دوئی وائی چې دځنګل دا پابندی چې ده،دا مرکزی حکومت سره زمونږه مشوره شوې ده خو تاحال څه خبره پکښې نه ده شوې زه داخبره کوم چې په دے ځنګل باندې پابندی به کله ختمیږی او صوبائی ګورنمنټ په دےکښې کوم اقدام، څومره حده پورے اقدامات کړی دی چې دا پابندی کټائی باندې ختمه شی، محکمه هلته لاړ شی ځنګل ته او په خپل نګرانئی کښې ځنګل واخلی؟په دے دا دوه جوابه دی۔

جناب سپیکر: لږ مختصر، مطلب دا دے چې-----

جناب فرید خان: مختصر مو کړه جی۔

وزیر صحت: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

شہزادہ محمد گستاسپ خان(قائد حزب اختلاف): سر! ضمنی سوال ہے۔

جناب سپیکر: جی،جی۔ شہزادہ گستاسپ خان۔

قائد حزب اختلاف: سر! یہ جیسا کہ معزز ممبر نے سوال کیا ہے، یہ اپنے------

جناب سپیکر: اپنے سوال سے تو آپ مطمئن تھے تو دوسرے-----

(قطع کلامی)

قائد حزب اختلاف: وہPlantation کے بارے میں تھا۔

جناب سپیکر: اچھا۔

قائد حزب اختلاف: اور میں نے پڑا بھی نہیں تھا اس لئے میں جلدی مطمئن ہو گیا۔ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں سر، کہ جیسے کہ معزز رکن نے کہا کہ بیروزگاری ہے، غربت ہے، افلاس ہے، ان علاقوں میں لوگ پسماندہ ہیں تو جنگل اس وجہ سے کٹ رہے ہیں تو کیا یہ حکومت ہمیں یہ بتا سکے گی کہ آیا یہ محکمہ جس طرح کہ جواب دیا گیا ہے، یہ صوبائی محکمہ ہے یا کہ یہ مرکز کے ماتحت ہے؟اس کی وضاحت کی جائے تا کہ ہمیں یہ پتہ لگے

جب بھی جنگلات سے متعلق کوئی بات ہوتی ہے تو یہ کہا جاتا ہے کہ یہ مرکز نے پابندی لگائی ہے، اگر یہ صوبائی سبجیکٹ ہے تو پھر اس میں مرکز صوبے کے بغیر پابندی نہیں لگا سکتا تو اس کی وضاحت کی جائے۔

وزیر صحت: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ فرید خان سره مے اتفاق دے۔تر څه حده پورے چې د ځنګلاتو کومه کټائی چې کیږی په دے باندې حقیقت دادے چې نقصان خو رسی خو دلته په دے سوال کښې مکمل د دې خبرې دغه نه دے شوې، دے سره اختلاف نه دے شوې۔سوال کښې دا وئیلے شوې دی چې په لویه پیمانه باندې، حقیقت دادے چې ځنګلات مقامی طور د دوه مقاصد دپاره کټ کیږی۔یو د سیزولو دپاره او سوختی لکړی چې ورته وائی، دویم د خپل مقامی استعمال د آبادئی دپاره او لکه څنګه چې فرید خان صاحب پخپله هم د هغې حل او ښودہ چې کله قانونی کټائی آزاده شی او هلته محکمه لاړه شی او دغه ځنګلات د محکمے په حفاظت کښې دوباره راشې نو د هغې په نتیجه کښې به دا کنټرول شې نو لکه د دې دپاره په دے آخری جواب کښې دا وئیلے شوې دی چې دا صوبائی معامله ده۔پابندی پرے مرکزی حکومت لګولے ده او صوبائی حکومت، سینیئر منسټر صاحب چې د Environment او د فارسټ منسټر هم دے ،هغوې د وفاقی فارسټ منسټر سره یو څو ورځے مخکښې ملاقات کړے دے او صوبائی حکومت دا فیصله کړې ده چې د Courtesy په طور باندې به هغوې ته مونږه وایو چې دا ستاسو اختیار نه دے ،ستاسو دا صوبائی معامله ده۔لهذا دغه ملاقات شوې وو۔د هغه نه روستو په نتیجه کښې صوبائی حکومت به ان شاء الله زر د دې نه پابندی اوچتوې۔

مولانا عصمت اللہ: مسٹر سپیکر، جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جی مولانا عصمت اللہ صاحب، ضمنی سوال دے ؟

مولانا عصمت اللہ: جی۔اصل کښې ضمنی سوال ځکه کوم جی او د دې اسمبلئی په فلور په ذریعه دا خبره واضحه کوم ځکه جی چې زه هم د غرونو سره تعلق لرم او علامه اقبال وائی

جس کھیت سے دہقاں کو میسر نہ ہو روزی

اس کھیت کے ہر خوشہ گندم کو جلادو

اگر اس حوالے سے علامہ اقبال کے اس فکر کو سامنے رکھتے ہوئے، اگر میں کہوں کہ اگر کوہستان کے جنگلات سے کوہستانیوں کو میسر نہ روزی تو اس جنگل کے ایک ایک درخت کو جلادو۔ جناب سپیکر، بات یہاں جنگلات کے تحفظ کی ہم کرتے ہیں، جنگلات کے تحفظ، کوہستان سے ضلع کوہستان مراد نہیں ہے، پہاڑی علاقے مراد ہے تو یہ جنگلات پہاڑی علاقوں میں ہوتے ہیں۔ جناب سپیکر! کہتے ہیں "صاحب البیت ادرا بما فیہا" گھر والے کو گھر کا اچھا پتہ ہوتا ہے"۔ یہاں پر لوگ کہتے ہیں کہ ہم نے باہر سے کچھ لوگ منگوائے ہیں، وہ آپ کے لئے پالیسی بنا رہے ہیں تو اس کے بعد پھر ہم آپ کے لئے جنگلات آزاد کریں گے۔ یہاں یہ بات نہیں ہے جی۔ یہ جنگلات جو تباہ ہوگئے ہیں، اس کی اصل وجہ اور بنیادی سبب یہ ناجائز پابندی ہے۔

سید قلب حسن: پوائنٹ آف آرڈر، سر۔

جناب سپیکر: یہ تو میرے خیال میں منسٹر صاحب کے جواب میں Clear ہو گیا جو اس نے۔۔۔۔۔

سید قلب حسن: پوائنٹ آف آرڈر، سر۔ مولانا صاحب چې شعر اووئیلو او هغه دا عرض اوکړو چې دا د علامه اقبال شعر دے خو زما په خیال دا د علامه اقبال شعر نه دے، د میر تقی میر شعر دے۔ لږ کنفیوژن ورکښې دے۔۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: پلیز، پلیز۔ جی۔

محترمہ زبیدہ خاتون: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ میں سمجھتی ہوں کہ جنگلات میں لکڑی کی کٹائی سے صرف یہ نہیں کہ لکڑی کا نقصان ہوتا ہے یا لکڑی ختم ہو رہی ہے بلکہ اس سے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آرڈر پلیز، آرڈر پلیز۔

محترمہ زبیدہ خاتون: اس سے ماحول کی آلودگی میں اضافہ ہو رہا ہے اور ہمارے علاقے کی خوبصورتی متاثر ہو رہی ہے اور ظاہر ہے، ہمارے علاقے کی خوبصورتی کی وجہ سے، ٹورازم کی صنعت یہاں زیادہ اچھی ہے اور اگر علاقے کی خوبصورتی ختم ہو جائے گی تو اس صنعت کو بھی زیادہ نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے۔ اس لئے اس کے لئے کوئی Proper قانون ہونا چاہیئے اور اس کا صوبائی حکومت کو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: وجیہہ الزمان صاحب۔

جناب وجیہہ الزمان خان: جناب سپیکر! میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے موقع دیا۔ جنگلات کے حوالے سے بات کرنا چاہوں گا کہ یہ ایک بڑا گھمبیر مسئلہ ہے۔

جناب سپیکر: سپلیمنٹری اس پر کیا ہے؟

جناب وجیہہ الزمان خان: سپلیمنٹری، ہاں میری Statement ہے جی۔

جناب سپیکر: اچھا۔ ہاں جی۔

جناب وجیہہ الزمان خان: اس میں کچھ میں Proposals دینا چاہتا ہوں۔ ابھی عصمت اللہ صاحب نے بات کی کہ کوہستان کا فائدہ کوہستان کے لوگوں کو ہونا چاہیئے، اس سے مجھے اتفاق ہے، اس پر مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے لیکن یہ دیکھنا چاہیئے کہ آیا وہ لکڑی Legally cut ہے یا Illegally cut ہے؟ اگر Illegally cut ہے تو اس کے لئے Proper قانون ہے ہزارہ فارسٹ ایکٹ میں اس کو گورنمنٹ Confiscate کرے اور گورنمنٹ کے حق میں اس کو آکشن کرے۔ وہ اس کا طریقہ ہے اگر Legally cut ہے تو پھر اس میں ایسا کوئی Problem نہیں ہے۔ Secondly جناب، جنگلات ہمارے اس صوبے میں اس بری طرح سے تباہ ہو رہے ہیں اور اس میں کچھ ایسے گروپس ہیں کہ جو دندناتے پھر رہے ہیں اور جن کو باقاعدہ Shelter مل رہا ہے، یہ میں پہلے بھی بول چکا ہوں آپ کے سامنے کوئی ایسی بات نہیں ہے، اس میں ایک میں یہ Proposal دینا چاہتا ہوں کہ یہ مسئلہ حل اس لئے نہیں ہوگا کہ Ban لگ جاتا ہے، سمگلرز لکڑی چوری کرتے ہیں، ان کو کوئی نہیں پوچھتا اور وہ دندناتے پھرتے ہیں اور مالک جو ہیں، ہمارے علاقے میں جنگلات کے مالک جو ہیں ان کی بیٹیاں جہیز سے محروم ہیں تو اس لئے یہ Ban ہٹایا جائے تاکہ مالک کو اس کا حق ملے اور چوروں کو اتنی کھلی چھٹی نہ ملے اور اس کے علاوہ ایک اور میرا Proposal یہ ہے کہ اگر ان جنگلات کو باقاعدہ پرائیوٹائز کر دیا جائے اور سرکار سے نکال کر پرائیویٹ اونرشپ میں دیدیا جائے تو میرا خیال ہے کہ ہم لوگ سرکار کی چیز کو اپنی چیز نہیں سمجھتے لیکن اپنی چیز کو اپنی چیز ضرور سمجھتے ہیں اور اس میں پھر یہ ہوگا کہ لوگ درخت کاٹیں گے ضرور لیکن لگائیں گے بھی ساتھ، جتنے کاٹیں گے، اتنے ہی اور لگائیں گے۔ اس کو ایک انڈسٹری کی شکل ملے گی اور لوگوں کو فائدہ بھی ہوگا اور جنگل

تباہ بھی نہیں ہو گا۔ چونکہ اس وقت جو سمگلرز ہیں، وہ صرف کاٹتے ہیں اور لگاتے نہیں ہیں تو یہ میری ایک اپیل ہے اگر اس کو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: معقول ہے۔ جناب زر گل صاحب۔

جناب فرید خان: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب زر گل خان: مہربانی سر۔ سر! عصمت اللہ خان صاحب خو فلور آف دی ہاؤس دا دغه اوکړه چې مونږه ئے خو کټ کوؤ نو دا پوائنټ نوټ کړئی جی په دے کبنې مسئله داده چې په ہزاره ډویژن کبنې یو پورا مافیا ده جی، هغه ځنگلات کوہستان والا کټ کوی جی او بیا پرون هم میټینګ شوې دے نو په هغې کبنې چې دوی راشې نو راوئے لګیږئی په کالا ډهاکه باندې چې دا په کالا ډهاکه کبنې کټ کیږی جی حالانکه تاسو دے ته سوچ اوکړئی چې کوہستان Settled area ده تھاکوټ پورے ، دا Settled area ده، په مینځ کبنې لږ یو Portion کالا ډهاکه ده ټرائبل ایریا ،بیا د ہری پوره پورے ، د پنجاب پورے هغه لرګی ځی او هلته ئے دوئی نه نیسی۔ اوس هم آٹھ نو لاکھ فټ په روډ باندې پروت دے ، هغه دوئی ته نه ښکاری۔ د کارخانو مثال ئے دے یا دباړئے مارکیټونو، په هغې کبنې سامان پروت وی، نه ئے نیسی۔ چې بهر ته اووځی نو بیا ئے نیسی۔ دغسې سر، دوی ئے بیا راولګوی هغه په کالا ډهاکه، نو دا پوائنټ چې دے دا نوټ کړئی چې دوئی پخپله دا دلته دغه کړه چې مونږه هغه ہر څه سره د غنمو اوسیزل جی۔ نو دغه چې دے کالا ډهاکه۔۔۔۔

مولانا عصمت اللہ: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب سپیکر: جی مولانا عصمت اللہ صاحب۔

مولانا عصمت اللہ: جناب سپیکر! میرے خیال میں اس اعتراف جرم کی سزا میں خود تجویز کروں گا وہ یہ ہے کہ جو سزا علامہ اقبال کو ملی ہے گندم جلانے پر، اس کے روضہ مبارک پر ہم نے پہرہ بٹھایا ہے میرے خیال میں جب میں مر جاؤں تو میری قبر پر بھی اس طرح آپ ایک پہرہ بٹھائیں۔

جناب سپیکر: جی منسٹر صاحب، منسٹر صاحب۔

وزیر صحت: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ وجیہہ الزمان صاحب کی بعض تجاویز قابل غور ہیں، انشاءاللہ ان پر حکومت غور کرے گی۔ میری بہن نے جو Apprehension ظاہر کی ہے، وہ بھی بجا ہے کہ جنگلات کی وجہ سے تباہی بھی ہو رہی ہے۔ میرا خیال ہے کہ اگر قانونی طور پر کٹائی سے پابندی اٹھ جائے اور وہ علاقے جہاں بجلی کا بندوبست نہیں ہے، جہاں گیس نہیں ہے، مطلب کہ سوختی لکڑی کاٹی جاتی ہے اور جس طرح روزگار کے لئے جو کاٹتے ہیں سمگلنگ کے طور پر، یا جو لوگ مقامی استعمال کے لئے کاٹتے ہیں، تو اگر قانونی طور پر پابندی اٹھ جائے اور قانونی کٹائی ہو تو یہ مسائل حل ہو سکتے ہیں۔ میرا یہ خیال ہے کہ انشاءاللہ اس پر حکومت غورے کرے گی۔

الحاج محمد ایاز خان: ہم بھی جناب قانونی کٹائی کے لئے کہہ رہے ہیں کہ ہمیں قانونی کٹائی کی اجازت دی جائے۔

مولانا عصمت اللہ: آخری بات یہ ہے جی کہ ایک آدمی بھوک سے مر رہا تھا اور دوسرا اس کے سرہانے کے نیچے پراٹھے ڈھونڈ رہا تھا۔

جناب سپیکر: مولانا صاحب بس کریں نا، بس کافی ہو گیا ہے۔

مولانا عصمت اللہ: جناب سپیکر! یہاں لوگ انوائرمنٹ کی بات کرتے ہیں، ہم بھوک سے مر رہے ہیں اور یہ کہتے ہیں کہ ------

جناب سپیکر: وہ پالیسی بنا رہے ہیں نا، وہ تو اب کہہ دیا منسٹر صاحب نے۔Next سوال نمبر 263 ۔

جناب وجیہہ الزمان خان: مولانا صاحب نے کہا کہ ہم بھوک سے مر رہے ہیں، تو میں ان سے گزارش کروں گا کہ کوہستان والے شائد اس زمرے میں آتے ہوں لیکن یہ پراٹھے ڈھونڈ رہے ہیں چارپائی کے نیچے۔

جناب سپیکر: کوئسچن نمبر 263، جناب جہانگیر خان صاحب۔

* 263 _ مولانا جہانگیر خان: کیا وزیر ماحولیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ :

(الف): آیا یہ دست ہے کہ ضلع چترال میں ایف ڈی سی کا قیام عمل میں لایا گیا ہے ;

(ب): آیا یہ بھی درست ہے کہ ضلع چترال میں غیر قانونی طور پر جنگلات کی کٹائی ہوئی ہے ;

(ج): آیا یہ بھی درست ہے کہ محکمہ غیر قانونی کٹائی کا ریکارڈ بھی رکھتا ہے؛

(د): اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

I۔ ایف ڈی سی کے قیام سے تاحال ضلع چترال میں قانونی و غیر قانونی طور پر کتنی مکعب فٹ لکڑی کاٹی گئی ہے؛

II۔40 فیصد کے تناسب سے کتنے افراد کو انفرادی طور پر رائلٹی ادا کی گئی ہے، رائلٹی ہولڈرز کے نام و پتے کی تفصیل فراہم کی جائے؛

III۔40 فیصد حصہ کے تناسب سے محکمہ کو کتنی آمدنی ہوئی ہے نیز مذکورہ رقم کہاں کہاں خرچ کی گئی؛

جناب سراج الحق (سینیئر وزیر خزانہ وماحولیات): (الف): یہ درست ہے۔

(ب): یہ درست نہیں ہے۔ جنگلات کی کٹائی کے دوران کچھ بے قاعدگیاں تو ہوئیں تھیں مگر وہ معمولی نوعیت کی تھیں جس پر متعلقہ حکام نے فوری ایکشن لیا۔

(ج): یہ درست ہے۔ غیر قانونی کٹائی کی صورت میں اس کا باقاعدہ ریکارڈ رکھا جاتا ہے۔

(د): I۔ایف ڈی سی کے قیام سے لیکر اب تک 82,16,281 مکسر فٹ کی مارکنگ کی گئی۔ کٹائی کے بعد دوران برآمدگی 16995 مکعب فٹ لکڑی کی بے قاعدہ ملاوٹ کی گئی۔ جس پر ذمہ دار ٹھیکیداروں سے جرمانہ وصول کرکے محکمہ جنگلات کو ادا کیا گیا ہے۔

II۔ ساٹھ فیصد رائلٹی کی رقم ڈپٹی کمشنر چترال کو حقداران میں تقسیم کے لئے بھیجی جاتی تھی۔ چونکہ ڈپٹی کمشنر کا عہدہ ختم ہو چکا ہے لہذا اب مطلوبہ معلومات ضلعی افسر مال چترال کے دفتر سے حاصل کی جاسکتی ہے۔

III۔ چالیس فیصد کی کل رقم مبلغ۔/378280160 روپے داخل خزانہ کی گئی ہے جس سے محکمہ جنگلات کوئی خرچہ نہیں کر سکتا تھا۔

مولانا جہانگیر خان: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ سوال نمبر 263 کے جوابات میں جز(ب)اور(د) کی شق نمبرII کے جواب مجھے صحیح نہیں دیئے گئے اور حقائق کو چھپایا گیا۔ سوال کے جز(ب) میں ہے کہ " آیا یہ بھی درست ہے کہ ضلع چترال میں غیر قانونی طور پر جنگلات کی کٹائی ہوئی ہے"؟ جواب فرما رہے ہیں کہ " یہ درست نہیں ہے" حالانکہ لاکھوں کے نہیں کروڑوں کے حساب سے غیر قانونی طور پر کٹائی آج تک

ہوئی ہے۔ تو جناب والا، اس طرح قریبی جنگلات کے خود مختار اور ظالم لوگ جنگلات کو خود نیلام اور فروخت اگر کر سکتے ہیں تو ایف ڈی سی اور محکمہ جنگلات کی کیا ضرورت باقی رہ جاتی ہے؟ لہذا اس پر اگر قابو نہیں رکھا گیا تو چند سالوں میں چترال کے جنگلات ناپید ہو جائیں گے۔ جز(د) کی شق نمبر II میں یہ فرمارہے ہیں کہ نمبر I، میں نے سوال کیا ہے "ایف ڈی سی کے قیام سے تاحال ضلع چترال میں قانونی وغیر قانونی طور پر کتنی مکعب فٹ لکڑی کاٹی گئی ہے"؟ جواب میں یہ فرمارہے ہیں کہ " مطلوبہ معلومات ضلعی آفیسر مال چترال کے دفتر سے حاصل کی جاسکتی ہیں" یہ دوسرا یعنی چالس فیصد کے تناسب سے کتنے افراد کو انفرادی طور پر رائلٹی ادا کی گئی ہے، رائلٹی ہولڈرز کے نام اور پتے کی تفصیل فراہم کی جائے"۔ اس کے جواب میں فرماتے ہیں کہ "مطلوبہ معلومات ضلعی آفیسر مال چترال کے دفتر سے حاصل کی جاسکتی ہیں"۔

جناب سپیکر: میرے خیال میں آپ منسٹر صاحب پر چھوڑ دیں کہ آیا یہ خود اس جواب سے مطمئن ہیں؟

مولانا جہانگیر خان: نہیں جی۔

جناب سپیکر: نہیں بس، جناب منسٹر! عنایت اللہ خان صاحب، اگر آپ مطمئن ہیں تو ممبر موصوف بالکل مطمئن ہوں گے۔

جناب عنایت اللہ (وزیر صحت): میں ان کو سوالات کے بارے میں کوشش کرتا ہوں کہ مطمئن کر دوں۔۔۔۔۔

(قہقہے)

جناب سپیکر: اچھا، آپ مطمئن ہیں؟

وزیر صحت: ہاں، میں تو مطمئن ہوں۔

جناب سپیکر: اچھا!۔۔۔۔۔

(تالیاں)

وزیر صحت: میں اس لئے مطمئن ہوں، میں گزارش کرتا ہوں، میں عرض کرتا ہوں (تالیاں) مجھے گزارش کرنے دیں۔ میں اس لئے مطمئن ہوں کہ مجھے یہ بتایا گیا ہے کہ ذاکر اللہ خان کے ایک سوال

کے جواب میں جو Facts and figures محکمے نے پیش کرنے تھے، اس پر اتنا خرچہ آرہا تھا کہ فوٹو سٹیٹ مشین رک گئی 4000,5000 تک Pages انہوں نے فوٹو سٹیٹ کرائے۔

مولانا جہانگیر خان: سر، سر، یہ جواب۔

شہزادہ محمد گستاسپ خان (قائد حزب اختلاف): سر! یہ، یہ بات۔

جناب سپیکر: پلیز، شہزادہ گستاسپ خان۔

قائد حزب اختلاف: سر! یہ بات پہلے بھی ہو چکی ہے۔ منسٹر عشروز کواۃ نے یہی جواب دیا تھا کہ فوٹو سٹیٹ پر بڑا خرچہ آرہا تھا اور اسمبلی کو کوئی چیز جو اسمبلی طلب کرے، اس کو انکار کرنا اسمبلی کی توہین ہے اور اسمبلی کو اس پر ایکشن لینا چاہیئے، کارروائی کرنی چاہیئے اور منسٹر صاحب کے ساتھ یہ بات Suit نہیں کرتی کہ وہ ہاؤس میں یہ کہیں کہ اس پر خرچہ آرہا تھا۔ یہ انفارمیشن اسمبلی کے لئے لازمی ہے، اسمبلی، سب سے، اللہ تعالٰی کے فضل و کرم سے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ تو Accountability کا Process ہے یہ Question and Answers جو ہیں اور یہ معلومات فراہم کرنا، یہ حکومت کی ذمہ داری ہے۔

وزیر صحت: ویسے ہمارا تو خیال تھا کہ مولانا صاحب اس سے مطمئن ہوں گے اور جا کر DOR کے آفس سے خود چیک کریں گے لیکن۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: وہ تو نہیں۔۔۔۔۔

وزیر صحت: عرض کر رہا ہوں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: مولانا صاحب!

وزیر صحت: عرض کر رہا ہوں مجھے گزارش کرنے دیں۔ اگر مولانا صاحب مطمئن نہیں ہیں، تو ان کو ہم Figures provide کر دیں گے انشاءاللہ تعالٰی۔

مولانا جہانگیر خان: میں مطمئن نہیں ہوں۔ میں مطمئن نہیں ہوں۔ جناب سپیکر صاحب! میں نے یہ سوالات اس لئے پیش کئے ہیں کہ جو چور ہیں وہ منظر عام پر آجائیں۔۔۔۔۔ (تالیاں)۔۔۔۔۔ قانون کا سامنا کریں اور پکڑے جائیں اور مستحقین کو وہ رائلٹی مل جائے اور آپ ان کو چھپا رہے ہیں۔

وزیر صحت: دیکھیں جناب، میں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: شہزادہ گستاسپ خان۔

قائد حزب اختلاف: سر! یہ سوال ممبر صاحب نے بڑی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: بس مولانا صاحب، آپ تشریف رکھیں نا۔

قائد حزب اختلاف: جن کا سوال ہے، انہیں انفارمیشن نہیں دی گئیں اور وہ جو کہہ رہے ہیں کہ کچھ چھپایا جارہا ہے، اس لئے ہاؤس کو انفارمیشن نہیں Provide کی گئی، یہ ممبر صاحب کی مطمئن ہونے کی بات نہیں ہے کہ انہیں Answer provide کریں گے یا انفارمیشن دیں گے۔ یہ It is the property of the House یہ جو سوال ہے، یہ انفارمیشن پوری اسمبلی کو Provide کرنی پڑے گی اور وہ Relevant section ہے سر۔

جناب سپیکر: ہاں، 48۔

قائد حزب اختلاف: جی، اس کے تحت اس کے لئے ہم نوٹس دیتے ہیں کہ اسے بحث کے لئے رکھا جائے۔

جناب سپیکر: بس ٹھیک ہے، انہوں نے نوٹس دیدیا تو (شور) جی وجیہہ الزمان صاحب۔

جناب وجیہہ الزمان خان: جناب سپیکر! اس سلسلے میں میں ایک گزارش کروں گا۔

وزیر صحت: مجھے پوری طرح موقع نہیں دیا گیا تاکہ میں Explain کروں۔

(شور)

Mr. Speaker: No cross talking at all, please Mr. Wajih-uz-Zaman Sahib.

جناب وجیہہ الزمان خان: ابھی میرے محترم بھائی نے فوٹو سٹیٹ کے خرچے کے بارے میں بات کی تو میری اس پورے معزز ایوان سے گزارش ہے کہ اگر کسی کو اعتراض نہ ہو تو صرف جس نے سوال Put up کیا ہے، اس کو کاپی مل جائے اور Concerned Minister کو ملے اور ڈیمانڈ پر جو لینا چاہے تو اس کو بھی۔ کیونکہ سوال جب Put up ہوتا اسمبلی میں تو سارے سنتے ہیں تو سپلیمنٹری کوسچین اس کے ساتھ پھر منسلک کئے جاسکتے ہیں اور اس سے کافی خرچہ بچ سکتا ہے۔

جناب حبیب الرحمان: جناب سپیکر! ضمنی سوال ہے اس میں۔

جناب جمشید خان: جناب سپیکر، جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جی، جمشید خان صاحب۔

جناب جمشید خان: جناب سپیکر! دے سوال په جواب کښې، جز(د) په جواب کښې۔

جناب سپیکر: لږ که تاسو دا منسټر صاحب پرېښودو، هغه وائی چې ما خو څه وئیلی نه دی۔

جناب جمشید خان: د یوې غلطئ نشاندهی کوم جی۔ په هغې کښې دے محکمے والا پخپله د خیانت نه کار اغستے دے یا چالاکی ئے کړې ده پکښې۔ ایف ڈی سی کے قیام سے لیکر اب تک اتنا مکعب فٹ مارکنگ کی گئی ہے، کٹائی کے بعد دوران بر آمد گی اتنا مکعب فٹ لکڑی کی باقاعدہ ملاوٹ کی گئی ہے، نو دا ئے نه دی وئیلی چې دا غلط مونږه کټ کړیدی یا دا غلط مونږه برآمد کړیدی یا په مونږه پرچې کړې ده؟ دا سې څه خبره ئے پکښې نه ده کړے، دا محکمے زیاتے کړے دے۔

جناب حبیب الرحمن: جناب سپیکر! په دے کښې زه یو وضاحت کوم هغه چې د کومے غلط نشاندہی اوکړه پخپله نو د(د) په تین نمبر حصه کښې تاسو اوګورئی، د 40% نه چې کوم دے 38 کروړ روپئی حکومت ته منافع ده نو چې په دے حساب باندې زمونږه 60% شی نو 58 کروړ روپئی په عوامو باندې رائلټی تقسیمول پکار دی۔ د جهانګیر مولانا صاحب خبره داده چې په دے کښې " اندر دال میں کچھ کالا کالا ہے" د هغوی مطلب دادے چې 58 کروړ روپئی دا کوم پله تلے دی، رائلټی خلقو ته څنګه نه ده ملاؤ شوې؟ د هغه دے، څکه چې پخپله وضاحت چې کوم دے د حکومت د دې جواب نه دا راځی چې د غه 58 کروړ روپئی، دا د عوامو برخه ده 60%، دا کوم پله تلی دی؟

جناب سپیکر: منسٹر صاحب۔

وزیر صحت: جہاں تک جز(ب) کا تعلق ہے کہ مولانا صاحب فرما رہے تھے کہ یہ جواب درست نہیں ہے، حقیقت یہ ہے کہ حکومت یہاں فلور پر جو معلومات لاتی ہے اور جو انفارمیشن Provide کرتی ہے اور حکومت کو جو انفارمیشن آرہی ہوتی ہیں انہیں کو بنیاد بنا کر وہ آپ کو Provide کی جاتی ہیں یعنی جو چیز

